500th

Birth Anniversary

of

3

# Shri Guru Nanak Ji Maharaj

Nankana Sahib, Pakistan

November 1969





Patti Sahib

پٹی صاحب

A cry for the Oneness of God
Has been heard from the Punjab.
A perfect man
Has awakened India from its slumber.

**Iqbal**

Kiara Sahib

کیارا صاحب



ٹائیٹل پر گورو جی کی تصویر پاکستان کے مایہ ناز مصور استاد اللہ بخش نے بنائی۔

حکومت پاکستان کے متروکہ وقف املاک بورڈ نے شائع کیا۔

Human life is bettered not by knowledge and learning but by the insight of the heart;
Not by thought but by action;
Not by power but by sincerity and love;
The search for Truth is tbe foundation of piety;
The knowledge of Truth is the zenith of human life.

Today is the birthday of Guru Nanak Ji Maharaj-
That God-loving person—
Who, encircled by forces of evil and waywardness;
Put his feet on the path of righteousness;
Whose eyes found the light even in the darkness;
Who triumphed over all differences
And taught humanity to unite.

اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لئے پاکیزگی اور صفا کی ضرورت ہے۔ جسم اور دل کی پاکیزگی۔

وُہ مسلمان صُوفیائے کرام کی طرح انسانی رُوح کو اُسی شمع ازلی کی ایک غیر فانی شعاع سمجھتے تھے۔

آج گورونانک جی مہاراج دُنیا میں موجود نہیں ہیں لیکن اُن کی یاد انسانی دلوں میں زندہ ہے۔

یہ اُنہی کی ذاتِ گرامی کی برکت ہے کہ اتنی مُدّت گزرنے پر بھی اُن کا جنم استھان، ہزارہا عقیدت مندوں کی زیارت گاہ ہے۔

عظیم انسان دُنیا سے چلے جاتے ہیں لیکن اپنی عظمت کے نشان دُنیا میں چھوڑ جاتے ہیں۔

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

Panja Sahib



پنجہ صاحب

Today the entire Sikh world is celebrating the 500th birth anniversary of Shri Guru Nanak Ji Maharaj and the hearts of his devotees are filled with the memory of their great religious leader. Today all God-loving people share the rejoicings of the followers of the revered Guru.

Shri Guru Nanak Ji Maharaj was born at Rai Bhoe-ki-Talwandi, now known as Nankana Sahib, a well-known town of district Sheikhupura, 500 years ago in 1526 Bikrami, corresponding to 1469 A.D. His father was called Kalu Ji and his mother was named Tripta Ji. Professor Jogindar Singh, quoting from historical sources, has observed:—

"A Muslim faqir had given the good omen of the birth of Guru Ji to his father"

(Risala Sant Sipahi, November, 1956)

Guru Ji Maharaj has described the conditions prevailing during his own time in a verse in Vermajh Shlok which can be translated as follows:—



سچاسودا

*Sachcha Sauda*

گورو جی مہاراج، اپنے سفر میں ایک مُسلمان کو ساتھ رکھتے جس کا نام بھائی مردانہ تھا۔ وہ رباب بجایا کرتا تھا اور گورو جی اپنے ربّ کی حمد کے گیت گایا کرتے تھے۔

گورو جی کی زندگی کا آخری حصّہ کرتار پور میں گزرا جو آج کل تحصیل شکر گڑھ ضلع سیالکوٹ میں ہے۔

گورو جی نے تقریباً ۱۷ برس کی عمر پائی۔ وفات پر مُسلمانوں نے گورو جی کو اسلامی طریق پر دفن کرنے کا مطالبہ کیا۔

بھائی کیسر سنگھ چھبر نے بیان کیا ہے کہ مُسلمانوں نے گورو جی کی آخری یادگار کے طور پر ایک مسجد تعمیر کرائی اور کنواں کھُدوایا۔ یہ مسجد اور کنواں گورو جی مہاراج نے خود جا کر دیکھا، کنوئیں کا پانی پیا اور غسل بھی کیا۔

گورو نانک جی مہاراج کے عقائد اور تعلیمات کا خلاصہ یہ تھا:۔

توحید اور انسانی اخوّت

وہ ایک خدا کو مانتے تھے وہ خدا جو سب کا خالق، سب کا رازق اور سب کا مالک ہے۔ جو زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا، وہ اپنی ذات میں قائم اور دائم ہے۔

وہ سرتاپا حُسن ہے اور سرتاپا محبت



Baal Leela Sahib

بال لیلا صاحب



Maal Ji Sahib

مال جی صاحب

> "The world has become like a knife and the Rajas have adopted the role of butchers. Faith has flown away on its wings. Falsehood prevails like a dark night, and the moon of truth is nowhere visible."

The land of the Punjab in the Indo-Pakistan sub-continent had a great importance in one particular respect. All those coming from outside first set foot in this very land. For centuries it was the rendezvous of the invaders. All traders and travellers to the sub-continent passed through it. It was here that Greek philosophy spread itself. The religion of Buddha gained its most glorious heights here and its impact was felt for a long period.

In their turn Muslims too came in contact with this soil. In the eleventh century, the Punjab had the distinction to become the first Muslim province. With the Muslims came the ulema and the saints who propagated Islamic ideas and beliefs and diverted the minds of the people of this land towards a new horizon. They aroused their urge to search for the truth, which is the common instinct of all human beings.

These changing conditions continued for a long time and faith and virtue went on gaining ascendancy over disbelief and evil. It was in such conditions that Shri Guru Nanak Ji was born.

The annals of history show that the parents of Guru Ji called a pandit to propose a name for him, in accordance with their family tradition. The pandit suggested Nanak as the name for the new-born child. The parents of Guru Ji told the pandit that the name suggested by him was common to Hindus and Muslims

بھوکے ابدالوں کو کھانا کھلانے میں صرف کر دی۔ پرنسپل ست بیر سنگھ ایک مضمون میں اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:-

"جب آپ کی عمر ۱۸ برس کی ہوئی تو بیوپار کے لئے چوہڑ کانہ کی منڈی میں گئے۔ وہاں ابدالوں کو کھانا کھلا آئے۔ آپ کے والد مہتہ کالو جی ناراض ہوئے آپ نے فرمایا، میں اپنے باپ کی آخرت سنوار آیا ہوں"۔

(رسالہ گورمت پرکاش مئی ۱۹۶۹ء)

گورو جی کی زندگی کا بیشتر حصّہ سیاحت میں گزرا۔ آپ اکثر پیدل سفر کرتے تھے اور یہ ایک طرح اُن کا مجاہدہ تھا۔ آپ نے ہندو تیرتھوں کو بھی دیکھا، مسلمانوں کے مقدس مقامات کی بھی زیارت کی۔ کہا جاتا ہے کہ وہ اسی سفر وسیاحت کے سلسلے میں مدینہ منورہ، مکّہ معظمہ اور بغداد بھی پہنچے تھے۔

آپ کے مسلمان صوفیا کے ساتھ بڑے گہرے دوستانہ مراسم تھے سکھ مؤرخین لکھتے ہیں، کہ پیر جلال، میاں مٹھا، پیر عبدالرحمٰن، پیر سید حسن اور بابا بڈھن شاہ آپ کے خاص دوستوں میں سے تھے۔ شیخ ابراہیم، جنہیں سکھ مصنفین شیخ برھم اور فرید ثانی کے نام سے یاد کرتے ہیں آپ کے خاص دوست تھے۔ شیخ فرید ثانی کا بہت سا کلام گورو گرنتھ میں موجود ہے۔

ٹی ایل وسوانی جی، شیخ فرید ثانی اور گورو جی کی دوستی کے بارے میں لکھتے ہیں:-

"میں سمجھتا ہوں کہ گورو نانک جی کا مذہب ملاپ اور ایکتا تھا۔ اُنہوں نے اسلام کی تعلیم میں وہ کچھ دیکھا جو دوسرے ہندوؤں کو بہت کم نظر آتا تھا۔ گورو جی کو مسلمانوں سے میل جول پیدا کرتے لذت محسوس ہوتی تھی۔ شیخ فرید ثانی، دس سال تک گورو جی کے ساتھ مل کر لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی راہ بتاتے رہے"۔

(اخبار امرت ۱۸ جنوری ۱۹۳۰ء)

In Pindigheb, West Pakistan.



مغربی پاکستان کے شہر پنڈی گھیب میں

and asked him to suggest another name. The pandit replied that, according to his astrological calculations, the child would grow into a great personality and would be respected and honoured by Hindus and Muslims alike. That was why he had suggested the name.

From his very childhood Guru Ji Maharaj felt disturbed in his heart and the urge to seek out the Truth never left him. His being was filled with love for the Almighty and he spent his days and nights in meditation. He used to be so absorbed that often he went without food and drink and physically be began to look weak and ailing. Taking him to be suffering from some illness his parents sent for a physician. The vaid who attended the Guru Ji, felt the pulse of the patient and tried to diagnose the disease. Upon this the Guru Ji exclaimed:—

> "You have called a vaid for my treatment. He has tried to diagnose my disease by feeling my arm. But this simple man does not know that my ailment pertains to my heart".

(War Malhar Shlok; 1279)

The ailment which pertained to the heart of the Guru Ji was nothing but manifestation of his love for God. At one place in Sarang (1232) he has expressed it in a verse which translates as under:—

> "My heart cannot feel any comfort without meeting the Almighty. It is He who gives solace and succour to crores of afflicted human beings and it is He who is the best Judge, who shows us the right path."

ویدبُلایا ویدگی پکڑ ڈھنڈولے بانہہ

بھولا وید جانئ کرک کلیجے مانہہ (وار ملہار سلوک محلہ ا ص ۱۲۷۹)

یعنی "میرے علاج معالجے کے لئے وید کو بُلایا گیا ہے۔ اُس نے میرا بازو پکڑ کر میرا مرض معلوم کرنے کی کوشش کی ہے مگر یہ بھولا وید اس سے بے خبر ہے کہ میرے دُکھ کا تعلق تو میرے دل سے ہے"۔

آپ کے دل میں جو دُکھ تھا وہ محبتِ الٰہی کی تڑپ تھی۔ چنانچہ ایک جگہ لکھتے ہیں:۔

ہر بِن کیوں دھیرے من میرا

کوٹ کلپ دوکھ نبھاسن، ساچ درڑائے نبیرا (سارنگ محلہ ا ص ۱۲۳۲)

یعنی "میرا دل خدا تعالےٰ کے وصال کے بغیر اطمینان حاصل نہیں کر سکتا۔ خدا ہی کروڑوں لوگوں کے دُکھ درد دُور کرنے والا اور صداقت کی راہ دکھا کر صحیح فیصلے کرنے والا ہے"۔

گورو جی مہاراج کے والدین نے آپ کا دل بہلانے کے لئے آپ کو کچھ رقم دی کہ اُس سے تجارت کریں۔ مگر انہوں نے وہ ساری رقم

The parents of Guru Ji Maharaj gave him some money for trade in order to divert his attention. But Guru Ji spent the entire amount in feeding some hungry abdals, i.e. men of God. Principal Satbeer Singh, in one of his articles, has alluded to this episode as under:—

"When Guru Ji was 18 years old, he went to Chuhar Kana Mandi for trade. There he fed all the money to the abdals, i.e. men of God. His father Mehta Kalu Ji became angry with him. Guru Ji thereupon remarked; I have bettered the life hereafter of my father."

(Risala Gurmat Perkash, May, 1969)

مغربی پاکستان کا ایک سکھ کنبہ A Sikh family of West Pakistan



Guru Ji spent the greater part of his life in travels. Mostly he journeyed on foot, and this was an act of sacrifice on his part. He saw the holy places of the Hindus and also visited the sacred shrines of the Muslims. It is said that during his travels Guru Ji also went to Medina and Mecca in Arabia and to Baghdad in what is now known as Iraq.

Guru Ji had intimate friendly relations with Muslim sufis and saints. According to Sikh historians, Pir Jalal, Mian Mitha, Pir Abdur Rahman, Pir Syed Hassan

اور اولیائے کرام نے اسلامی افکار اور عقائد کی اشاعت کی اور یہاں کے رہنے والوں کے ذہنوں کو ایک نئے افق کی طرف موڑ دیا، اور حق جوئی کے احساس کو، جو انسانی فطرت میں ودیعت کیا گیا ہے بیدار کیا۔ یہ بدلتے ہوئے حالات دیر تک جاری رہے اور حق پرستی باطل پر غلبہ حاصل کرتی چلی گئی اسی عالم میں سری گورو نانک جی مہاراج نے جنم لیا۔

تاریخ بتاتی ہے کہ آپ کے والدین نے اپنے خاندانی طریق پر آپ کا نام تجویز کرنے کے لئے ایک پنڈت جی کو بلایا۔ پنڈت جی نے آپ کا نام نانک تجویز کیا۔ آپ کے والدین نے پنڈت جی سے کہا کہ یہ نام تو ایسا ہے جو ہندوؤں اور مسلمانوں میں مشترک ہے، آپ کوئی اور نام تجویز کریں۔ پنڈت جی نے جواب دیا کہ میں نے بچّے کا جو زائچہ نکالا ہے اُس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ بچّہ بڑا ہو کر نام پیدا کرے گا اور ہندو مسلمان دونوں اسے عزت اور احترام کی نظروں سے دیکھیں گے۔ اسی لئے میں نے یہ نام تجویز کیا ہے۔

گورو جی مہاراج کے دل میں بچپن ہی سے حق کی جستجو کے لئے ایک بے چینی سی رہتی تھی۔ اُن کا دل اپنے رب کے لئے تڑپتا تھا۔ دن رات اُسی کی محبت میں محو رہتے تھے۔ اور اکثر اس محویت کے عالم میں اُنہیں کھانے پینے کا بھی خیال نہ رہتا۔ بظاہر بیمار اور مضمحل سے رہتے تھے۔ آپ کے والدین نے اُنہیں بیمار سمجھ کر ایک طبیب کو علاج کے لئے بُلایا۔ وید جی نے آکر اُن کی نبض پر ہاتھ رکھا اور مرض کی تشخیص کرنا چاہی تو آپ نے فرمایا:۔

Darbar Sahib Kartarpur



دربار صاحب کرتارپور

and Baba Budhan Shah were fast friends of Guru Ji. Sheikh Ibrahim, who is remembered by Sikh writers as Sheikh Braham and Farid Sani, was his closest friend. A substantial portion of the writings of Sheikh Farid Sani is included in Guru Granth Sahib. Referring to the friendship between Sheikh Farid Sani and Guru Ji, Mr. T. L. Vasvani writes:—

> "To me the religion of Guru Nanak Ji stands for fraternisation and unity. He saw in Islamic teachings what other Hindus could not see for themselves. Guru Ji felt particular pleasure in associating with Muslims. Sheikh Farid Sani, along with Guru Ji, showed the way of God to the people for ten years."
>
> (Akhbar Amrit, January 18, 1931)

During his travels, Guru Ji Maharaj always kept a Muslim, called Bhai Mardana, with him. Mardana used to play the Rubab and Guru Ji used to sing the hymns of God.

Guru Ji spent the last part of the life at Kartarpur a place situated in Shakargarh tehsil of Sialkot district. He lived in this world for seventy-one years. On his death the Muslims demanded his burial according to Islamic rites.

Bhai Kesar Singh Chhaper has stated that the Muslims constructed a mosque and had a well sunk as a tribute to Guru Ji. Guru Ji personally saw this mosque and drank water out of the well and also bathed with it.

The sum and substance of Guru Ji's beliefs and teachings are:

جس فضا میں گورو جی مہاراج نے آنکھیں کھولیں، اُس کا ذکر خود اُنہی کی زبانی سُنیئے وہ فرماتے ہیں:۔

کُل کاتی راجے قصائی، دھرم پنکھ کر اُڈ رئیے
کُوڑ اماوس، سچ چندرما دیسے ناہی کر چڑھیا

(وار ماجھ سلوک محلہ صفحہ ۱۴۵)

یعنی "زمانے نے چھُری کی شکل اختیار کر لی ہے اور راجے، قصاب رُوپ دھارن کر چکے ہیں۔ دین پَر لگا کر اُڑ گیا ہے، جھوٹ اماوس کی رات کی مانند، ہر طرف چھایا ہُوا ہے اور سچائی کا چاند کہیں دکھائی نہیں دیتا۔"

پاک وہند کے برصغیر میں، پنجاب کی سرزمین، ایک خصوصیت سے بہت اہم تھی۔ باہر سے آنے والے سب سے پہلے اسی سرزمین پر قدم رکھتے تھے یہیں سے سیاح اور تاجر گزرتے تھے۔ اسی دیس میں یونانی فلسفے نے پاؤں پھیلائے۔ بدھ مت کا عروج یہیں ہُوا اور یہیں اُس کے اثرات دیر تک قائم رہے۔

اسی سرزمین میں مسلمانوں نے قدم رکھا۔ گیارھویں صدی عیسوی میں پنجاب ہی سب سے پہلا اسلامی صوبہ بنا۔ مسلمانوں کے ہمراہ، علماء اور

Rori Sahib, Eminabad

روڑی صاحب۔ ایمن آباد



"Oneness of God and brotherhood of man"

He believed in one God, the God who is the Creator and the Giver and Supreme Owner of all; who is alive and shall remain alive for ever.

آج ساری سکھ دُنیا، شری گورو نانک جی مہاراج کا

پانصد سالہ جنم دن منا رہی ہے اور اپنے مذہبی رہنما کی یاد سے سرشار ہے۔

آج تمام حق پسند لوگ، اس مردِ بزرگوار کے نام لیواؤں کی خوشیوں میں شریک ہیں۔

Panja Sahib



گوردوارہ پنجہ صاحب

**شری گورو جی مہاراج** آج سے پانچ سو سال پہلے سنہ ۱۵۲۶ بکرمی، مطابق سنہ ۱۴۶۹ء

رائے بھوئے کی تلونڈی میں جو آج کل ننکانہ صاحب کے نام سے مشہور ہے، پیدا ہوئے۔

ننکانہ صاحب ضلع شیخوپورہ کا ایک معروف قصبہ ہے۔

اُن کے پتا کالا جی، اور ماتا، ترتیا جی تھیں۔

پروفیسر جوگندر سنگھ، تاریخی حوالے دیتے ہوئے لکھتے ہیں :۔

"ایک مسلمان فقیر نے، گورو جی کے والد کو آپ کی پیدائش کی بشارت

دی تھی۔"

(رسالہ "سنت سپاہی" نومبر سنہ ۱۹۵۶ء)

He is eternal and infinite.

He is beauty and love.

Purity and piety is essential to reach God—purity of body and soul.

Like Muslim saints he also considered the human soul as the eternal ray of the same eternal light.

Guru Nanak Ji Maharaj is no more in this world, but his memory is deep-rooted in human hearts.

It is a tribute to his towering personality that after a lapse of so many hundreds of years his birth-place continues to attract thousands of devotees. Great men of the world pass away but they leave behind the signs of their greatness.

As the Persian couplet says:

"He whose heart is alive with love, does not die;

"Our immortality has been written on the book of time."

*The shrines shown in this publication are all located in Pakistan.*

Title cover : Painting by Pakistan's famous artist, Ustad Allah Bakhsh.

# انسانی زندگی

علم و حکمت سے نہیں    دل کی بصیرت سے
فکر و خیال سے نہیں    اعمال سے
طاقت سے نہیں    خلوص اور محبت سے
سنورتی ہے
حق کی تلاش نیکی کی بنیاد ہے
حق کا عرفان
انسانی زندگی کا معراج ہے

آج گورو نانک جی مہاراج کا جنم دن ہے
وہ مردِ حق پرست
جس نے کفر اور گمراہیوں کی فضا میں رہ کر
سیدھی راہ پر قدم رکھا
جس کی نظر، تاریکیوں میں بھی، روشنی پر پڑی
جس نے تفرقوں کو مٹا کر انسانوں کو
ملاپ کا درس دیا

پھر اُٹھی آخر صدا توحید کی پنجاب سے
ہند کو اِک مردِ کامل نے جگایا خواب سے

اقبالؔ

Tambu Sahib

تنبو صاحب





Babe-di-Beri Sahib, Sialkot

بابے دی بیری صاحب سیالکوٹ

Published by the Evacuee Trust Property Board, Government of Pakistan..

Printed at Wapda Printing Press, Lahore.

# شری گورو نانک جی مہاراج
# کا
# پانصد سالہ جنم دن

نومبر ۱۹۶۹ء



جنم استھان - ننکانہ صاحب - پاکستان